تقریب میں جمعیت علماء اسلام پنجاب کے امیر حضرت مولانا بشیر احمد شاد ضلع بہاولنگر کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد یوسف قریشی، جمعیت کے مرکزی سیکرٹری مولانا عبدالخالق مناظر اہل سنت مولانا عبدالستار تونسوی کے چھوٹے فرزند مولانا محمد عمر فاروق بھی موجود تھے۔ مہمانوں نے تقریب کے بعد قائد محترم سے جمعیت علماء اسلام اور ملکی حالات کے بارے میں تفصیلی مشورے کیے۔ تقریب شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب کی دعا پر اختتام پزیر ہوئی۔

افغان کونسلر مولانا نجیب اللہ کی دار العلوم آمد :

گزشتہ دنوں تحریک طالبان افغانستان کے رہنما اور پاکستان میں امارت اسلامیہ افغانستان کے نامزد کونسلر جناب مولوی نجیب اللہ صاحب دار العلوم تشریف لائے۔ آپ نے مجاہدین اور تحریک طالبان کے اس عظیم مرکز میں کئی گھنٹے گزارے۔ انہوں نے مدیر الحق مولانا راشد الحق حقانی، مولانا سید یوسف شاہ صاحب اور دار العلوم کے مدرس مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی صاحب سے ملاقات کی۔ اور اسامہ بن لادن اور افغانستان پر متوقع حملہ کے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما میاں عارف ایڈوکیٹ اپنے چند رفقاء کے ساتھ موجود تھے۔

دار المطالعہ میں طلبہ کا تحریری مقابلہ :

الحمد للہ جب سے دار العلوم میں دار المطالعہ کا افتتاح ہوا ہے طلباء اس میں بڑے ذوق وشوق سے مختلف رسائل وجرائد اور کتب بینی میں دلچسپی لے رہے ہیں چونکہ اس کے اصل اھداف میں ایک بات یہ بھی تھی کہ طلباء کی تحریری استعداد کو اجاگر کیا جائے۔ چنانچہ اس مقصد کے خاطر ان کو مختلف موضوعات دیئے گئے اور انہوں نے توقع سے بڑھکر اس مقابلہ میں حصہ لیا۔ اب انشاء اللہ جانچ پڑتال کے بعد اول، دوم اور سوم آنیوالوں کو دار العلوم کی طرف سے انعامات دیئے جائیں گے۔ اس قسم کے مقابلوں سے طلباء میں مزید مطالعہ اور کتب بینی کا ذوق بڑھتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆